ھو القادر

کشکول سید الھند

(حصہ دوم)

:ازقلم:

حضرت علامہ ومولانا ابوالحسام السید الشاہ اعجاز احمد القادری الرزاقی مدظلہ العالی
سجادہ نشیں خانقاہ عالیہ قادریہ رزاقیہ میاں محلہ پرانا شہر داؤ دنگر ضلع اورنگ آباد بہار

ناشر
مکتبہ عطاء سیدنا
خانقاہ عالیہ قادریہ رزاقیہ میاں محلہ داؤ دنگر اورنگ آباد (بہار)
Mob:8757266786,7250172129

طبع اول	:	کشکول سید الہند رضی اللہ عنہ (حصہ دوم)
مصنف	:	حضرت علامہ مولینا ابوالحسام سید شاہ اعجاز احمد القادری الرزاقی
طبع اول	:	۲۰۱۶ء
صفحات	:	۱۰۸
تعداد	:	۱۰۰۰
قیمت	:	۲۰۰ / روپے
کمپوزنگ	:	زمزم پرنٹ گولپار، رامگڑھ Mob.: 9939898389
ناشر و مطبع	:	مکتبہ عطائے سیدنا خانقاہ عالیہ قادریہ رزاقیہ میاں محلہ داؤد نگر-824143
مطبع	:	زمزم پرنٹ جامع مسجد گولپار رامگڑھ

فہرست مضامین

عرض حال

کشکول سید الہند حصہ اول کی مقبولیت کے بعد برادران طریقت کا عرصے دراز سے اصرار تھا کہ اس کا حصہ دوم بھی معرض وجود میں لایا جائے تا کہ دیگر شجرۂ منظومہ اور وردو وظائف اوراذکار واشغال وغیرہ کی اہم کڑی سے برادران طریقت روشناس ہوسکیں ،اس لئے تمام مشغولیت کے باوجود اس رسالہ کو منصۂ شہود پر لایا گیا تا کہ کوئی تشنہ کام نہ رہ جائے اور ساتھ ہی مقدمہ بھی تحریر کیا گیا تا کہ تصوف کی راہ بھی ان پر روشن وتابناک ہوجائے !

خوردن برائے زیستن وذکر کردن است؛

تو معتقد کہ زیستن از بہر خوردن است؛

فقیر ابوالحسام السید الشاہ **اعجاز احمد القادری** الرزاقی عفی عنہ

خانقاہ عالیہ قادریہ رزاقیہ میاں محلہ پرانا شہر داؤد نگر اورنگ آباد، بہار،

هوالقادر

انتساب

اس ہستی بے مثال کے نام جسے دنیا

۱۔سید محی الدین ۲۔سلطان محی الدین ۳۔فقیر محی الدین ۴۔خواجہ محی الدین ۵۔مخدوم محی الدین ۶۔غریب محی الدین ۷۔بادشاہ محی الدین ۸۔شیخ محی الدین ۹۔درویش محی الدین ۱۰۔ولی محی الدین ۱۱۔مولانا محی الدین، محی الدین محی الدین محی الدین۔

کے اسماء یازدہ کو وظیفہ بناتی ہے اور اچھی طرح جانتی پہچانتی ہے۔جو دین کی جان ہیں ،حق کی پہچان ہیں، اسلام کی شان ہیں، سلسلہ کی کان ہیں، میرے ایقان ہیں،

شکم مادر ہی سے حافظ قرآن ہیں

شریعت کے پاسبان ہیں طریقت کے نگہبان ہیں حقیقت کے ترجمان ہیں معرفت کے نشان ہیں جنکا سورج نصف النہار پر چمک رہا ہے اور تا قیامت چمکتا ہی رہے گا۔ جنکا پرچم فرش سے عرش تک لہرا رہا ہے اور قیامت تک لہراتا ہی رہے گا۔

جنکا پیغام مریدوں کے نام مریدی لاتخف ہے جنکی بیعت خاتمہ بالخیر کی ضمانت ہے ،جنکے اوراد واذکار اور اشغال ومراقبہ وغیرہ تمام سلسلے سے مختصر مگر کامل تر زود اثر ہیں۔

یا قطب یا غوث اعظم یا ولی روشن ضمیر

بندہ ام درماندہ ام جز تو ندارم دستگیر

بدر درگاہ والا سائم اے آفتاب

خاطر نا شاد را کن شاد یا پیران پیر

گر قبول افتد زہے عز و شرف۔

تقریظ

تقریظ جلیل صدرِ اسلام حضرت علامہ سیّد شاہ محمد ریحان احمد قادری اشرفی مدظلہ العالی

خادم الافتاء والتدریس دار العلوم نوریہ احسانیہ بھرواری، ضلع کوشامبی (یوپی)

(مبسملاً حامداً مصلیاً)

جس طرح علم اصول عقائد، پھر مسائل نماز، زکواۃ، روزہ وغیرھا سیکھنا ہر مسلمان پر فرض عین ہے۔اسی طرح مسائل قلبیہ مثلاً تواضع، اخلاص، زہد، توکل وغیرھا اور ان کے طرقِ تحصیل، اور محرمات باطنیہ، مثلاً تکبر، ریا، بغض وحسد، خود پسندی وغیرھا اوران کے معالجات کا تعلم بھی فرض عین ہے۔جس طرح بے نمازی فسق وفجور میں مبتلا ہے اسی طرح ریا سے نماز پڑھنے والا انہیں مصیبتوں میں گرفتار ہے گویا اسلام میں دو طرح کے اعمال ہوتے ہیں۔ایک وہ اعمال جن کا انسان کی جوارح جسمانی سے تعلق ہے اور دوسرے وہ اعمال جو قوائے باطنی (قلب) سے متعلق ہیں۔

فرائض قلبیہ، متابعت شریعت، تزکیۂ باطن اور ترکِ خواہشاتِ نفس کا نام تصوف ہے جو جمہورِ اسلام کا متفقہ مسئلہ اور چمن اسلام کا شجرِ حیات ہے، تصوف کو برصغیر میں احیاء دین کی سب سے بڑی تحریک کہا جا سکتا ہے۔سوئے اتفاق سے آج اکثر مدارس عربیہ سے تصوف کا رنگ ہوا ہو گیا اور اکثر خانقاہوں میں خانقاہ کی فلک بوس عمارت، مزار شریف کی زیارت، چڑھاوے اور صندل وگاگر میں اسیر ہو کر رہ گیا تصوف کی حقیقت قرآن حکیم میں تلاش کرنا زیادہ مفید ہے۔جس کی آیت کریمہ تصوف کا رہنما اصول ہے۔ ربنا والبعث فیھم الخ یعنی پروردگار! لوگوں کے درمیان ایک رسول کو مبعوث فرمایا جو ان کے سامنے میری آیتوں کی تلاوت کرے انہیں کتاب و

حکمت کی تعلیم دے اوران کے نفوس کو پاکیزہ بنائے (البقرہ آیت ۱۲) آیت کریمہ سے بشر کے نہاد باطن میں خوابیدہ قوت کو بیدار کرنے کی تین منزلیں اخذ کی جاسکتی ہیں وہیں پہلی منزل آیت قرآنی کی تلاوت دوسری منزل کتاب وحکمت کی تعلیم اور تیسری منزل نفوس کا پاکیزہ بنانا انہیں تینوں منزلوں سے گزرنے پر تصوف کی تکمیل ہوتی ہے لیکن ان منازل سے گزرنے کے لئے ایک رہنما کی ضرورت ناگزیر ہوتی ہے!

زیر نظر کتاب بنام کشکول سیّد الہند کے مصنف جامع شریعت وطریقت آبروئے اہلِ سنّت ومسلک قادریت مرشد کامل سخن سنج وسخن نواز و ہردل نواز غازیٔ دوراں حضرت علاّمہ و مولینا ابوالحسّام سیّد شاہ اعجاز احمد القادری الرزاقی امجھری ثم داؤدنگری جوقطب الاقطاب فردالافراد سیّد الہند حضرت سیّدنا امیر سیّد محمدن القادری البغدادی ثم الہندی الامجھری رضی اللہ عنہ کے منجھلے صاحبزادے یعنی سیّدنا جلال الحق والدین ابدال قادری الرزاقی رضی اللہ عنہ سجادہ نشیں سیّدنا امجھری رضی اللہ عنہ کی اولاد سجادگان میں سے ہیں اور یکے بعد دیگرے خانقاہ عالیہ قادریہ رزاقیہ پاک کے مرتبہ سجادگی پر فائز ہیں۔ موصوف ایک متجر ذی صلاحیت عالمِ شرع ہونے کے ساتھ ساتھ عظیم المرتبت خطیب کہنہ مشق فقیہ اور صاحبِ سلوک وطریقت بھی ہیں اور حضرت قرآن حکیم کے ارشاد کے مطابق تصوف کے دومراتب یعنی تلاوت آیت قرآنیہ اور حکمت وکتاب کی تعلیم وتدریس (مدرسہ) جامع سیّدنا اور اپنی خانقاہ میں واعظ ونصیحت کی شکل میں فرمایا کرتے ہیں اور اپنے مشائخ قادریہ چشتیہ کے اصول پر سختی سے کاربند ہیں۔ اس کتاب کی دوسری جلد کو راقم الحروف نے جستہ جستہ دیکھا ہے جو تصوف کے آخری مرحلۂ تزکیۂ باطن اور تصفیۂ قلب کے اعمال اوراد ووظائف اور چند اصطلاحات پر حاوی، تصوف میں بنیادی اور کلیدی اہمیت کی حامل ہے جو پڑھنے والوں میں ذوقِ مشاہدہ اور شوقِ تجربہ پیدا کرے گی۔ موصوف نے اس کتاب کو تحریر فرما کر دین محمدی کے اہم

فرائض کا حق ادا فرمایا ہے اور سالکان طریقت اور طالبان شریعت پر احسان عظیم فرمایا ہے اور تصوف کے انحطاط اور بحرانی دور میں حضور سیّدنا غوث الاعظم اور غریب نواز علیہما الرحمۃ والرضوان کی روش اور تابناک سیرت اور جملہ مشائخ عظام اور داعیانِ اسلام کے مساعیٔ جمیلہ کو قائم و دائم رکھنے کی سعی جمیل فرمائی ہے۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ موصوف کے وجود مسعود کو ہمارے درمیان تادیر قائم رکھے اور اس کتاب سے جملہ وابستگان سلسلہ عالیہ قادریہ چشتیہ کو مستفیض فرمائے آمین بجد الامین صلی اللہ علیہ وسلم

چھیڑ کر سازِ لا الٰہ تڑپا گیا کوئی
عالم تھا محوِ خواب جگا گیا کوئی

محرومِ تماشا کو پھر دیدۂ بینا دے　　دیکھا ہے جو کچھ میں نے اوروں کا بھی دکھلا دے
بھٹکے ہوئے آہو کو پھر سوئے حرم لے چل　　اس شہر کے خوگر کو پھر وسعت صحرا دے

طالبِ دعا

سیّد محمد ریحان احمد قادری اشرفی عفی عنہ

هو القادر

مقدمہ

نحمدہ ونصلی علی رسولہ الکریم

امابعد

فاعوذ باللہ من الشیطان الرجیم بسم اللہ الرحمن الرحیم

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَکّٰی وَ ذَکَرَ اسْمَ رَبِّہٖ فَصَلّٰی

گر شریعت جسم ہے تو یہ طریقت لحم ہے   بس حقیقت استخواں تو معرفت ہی جان ہے

اس شعر میں شاعرانہ تخیل ہی نہیں بلکہ حقیقت کی عکاسی بھی ہے۔ مختصر شریعت، طریقت، حقیقت اور معرفت کی تشبیہی تعریف کی گئی ہے اور اس شعر کی روشنی میں یہ بات واضح ہو جاتی ہے کی بغیر شریعت کے طریقت کا دعویٰ کرنا حقیقت سے روگردانی اختیار کرنا ہے اور جب حقیقت سے منحرف ہو گیا تو معرفت کی جلوہ گری سے کب آشنا ہو سکے گا۔ اس لئے کہ بغیر شریعت کے صرف طریقت پر گامزن ہونا محال ہے۔ جیسا کہ جسم کا چمڑا اتارنے کے بعد انسان کی حالت ابتر ہو جائے گی اور بقیہ زندگی اس کی اجیرن ہو جائے گی۔ گوشت نظر آئے گا، مکھیاں اپنا مسکن بنائیں گی اور جراثیم اس کی ہلاکت کا سبب بنیں گے۔ گویا شریعت ہی طریقت کی محافظ ہے۔ صرف تصوف کا دعویٰ کرنا اور شریعت سے منہ موڑنا اسلام دشمنی کے مترادف ہے۔ جیسا کہ کسی نے خوب کہا ہے:

اک تصوف ہے روشنی کا گھر اک تصوف ہے تیرگی کا مقام

جو تصوف خلاف سنت ہو اس تصوف کو دور ہی سے سلام

اور اسی باب میں قطب ربانی محبوب سبحانی غوث صمدانی حضرت سید شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کا یہ قول خانوادے میں بہت مشہور و معروف ہے!

بغیر شریعت کے طریقت ضلالت و گمراہی ہے!

اور یہ حقیقت ہے کہ بغیر ظاہر کے باطن پر عمل اس دنیا میں ممکن ہی نہیں! شریعت ظاہر امور پر عمل کرنے کا نام ہے تو طریقت تزکیہ باطن حاصل کرنے کا راستہ!

جس طریقے پر چل کر صوفیاء کرام نے روحانی کمال حاصل کیا اسی راہ کو تصوف کا نام دیا گیا۔ اس لئے کہ تصوف کی مختصر تعریف یوں ہے:

اَلتَّصَوُّفُ تَصْفِیَۃُ الْخِیَالَاتِ عَنْ مَاسَوِیٰ اللّٰہ

تصوف نام ہے سوائے اللہ کے تمام خیالات سے پاک ہونا

گویا تصوف کی مختصر تعریف یوں ہوئی ''اللہ بس باقی ہوس''

اس مختصر سی وضاحت کے بعد یہ بات ثابت ہو جاتی ہے کہ تصوف علم طریقت اور اس کے اسرار و رموز، معارف و حقائق اور معانی کا نام ہے۔ خیالات و تصورات پر قابو پانے کا اہم باب ہے اور جب تک انسان اپنے خیالات پر قابو نہیں پاتا ہے اس وقت تک دنیا کی رنگینیوں میں کھو کر خدا کی قربت اور محبوبیت سے ناآشنا رہتا ہے اور شیطان کا آلہ کار بنا رہتا ہے لیکن جیسے ہی اپنی توجہ کو دنیا سے دور کرتا ہے اور ساری قوت توانائی کو خدا کی جانب مبذول کر دیتا ہے تو اس کو اللہ کی رحمت اپنے دامن کرم میں لے کر دین و دنیا میں سرخرو کرا دیتی ہے، شریعت و طریقت کا تاج پہنا دیتی ہے۔

چوں کہ شریعت ظاہری اسباب ہے تو طریقت باطنی۔ شریعت آدمی کو انسان بنانے کے لئے کوشاں ہے تو طریقت انسان کو روحانی معراج کرانے کے لئے بیتاب۔ شریعت نفس پر عقل کو غالب کرنے کا درس دیتی ہے تو طریقت عقل پر عشق کو غالب کرنے کا پیغام۔ شریعت حسن ظاہر ہے تو طریقت حسن باطن۔ شریعت عبادت کا طریقہ سکھاتی ہے قیام وسجود کے آداب بتاتی ہے خدا کے حضور بندے کو بندگی کا سلیقہ بتاتی ہے تو طریقت قیام وسجدے اور عبادت کو مقبولیت کا شرف عطا کرتی ہے۔ شریعت خدا کی قربت کا اہتمام کرتی ہے تو طریقت محبوبیت کی منزل پر فائض کراتی ہے۔ شریعت بندے کو طرزِ بندگی سکھاتی ہے تو طریقت محبت کا سامان بہم پیدا کرتی ہے۔ شریعت جسم کو پاک وصاف کرتی ہے تو طریقت روح کو پاکیزگی عطا فرماتی ہے۔ شریعت دماغ کو روشن ومنور کرتی ہے تو طریقت قلب کی ظلمت وتیرگی کو مجلا ومصفا کرتی ہے۔ شریعت کرنے پر فتویٰ لگاتی ہے تو طریقت سوچنے پر۔ شریعت فعل پر پہرا بٹھاتی ہے تو طریقت فکر فعل پر۔ شریعت علم کی دولت سے نوازتی ہے تو طریقت شعور کی منزلِ لازوال سے مالا مال کرتی ہے۔ شریعت علم سفینہ ہے تو طریقت علم سینہ!

سنو دو ہی لفظوں میں مجھ سے یہ راز　　شریعت وضو ہے، طریقت نماز
عبادت سے عزت شریعت میں ہے　　عبادت کی لذت طریقت میں ہے
شریعت میں تاکیدِ ضبطِ نصوص　　طریقت میں ذوقِ عمل با خلوص
شریعت عبادت ہے اللہ کی　　طریقت محبت ہے اللہ کی
طریقت قدم ہے، شریعت ہے راہ　　شریعت زباں ہے، طریقت نگاہ
شریعت میں دین اور ایمان ہے　　طریقت میں تسکین و ایقان ہے

شریعت در محفلِ مصطفےٰؐ طریقت عروجِ دلِ مصطفےٰؐ
شریعت میں ہے قیل و قالِ حبیب طریقت میں محوِ جمالِ حبیب
سخن سنجیاں گو ہوں میری درست مگر قولِ سعدی نہایت ہے چست

طریقت بجز خدمتِ خلق نیست
بہ تسبیح و سجادہ و دلق نیست

گویا شریعت مادی اسباب کو پاکیزہ بناتی ہے تو طریقت روحانی حالات و کیفیات کو افشاں کرتی ہے! شریعت کی راہ جب مکمل ہوتی ہے تو طریقت کے راستے بھی ہموار ہو جاتے ہیں۔ جیسا کہ کمالِ شریعت کی علامت یہی ہے کہ عبادت میں ذوق وشوق پیدا ہوا اور قلب کے اندر لذتِ روحانی کی جستجو بیدار ہو جائے۔ اس وقت بخوبی اندازہ ہو جاتا ہے کہ ظاہری عبادت نے باطنی عبادت کی توفیق عطا کی۔ جسمانی عبادت میں روحانی تعلق پیدا ہو چلا ہے۔ یہی ابتدائی طریقت ہے۔ جس طرح شریعت کے اسباق کے لئے علمائے حق کی ضرورت پڑتی ہے اسی طرح طریقت کے درس کے لئے کسی مرشدِ کامل کی!

اسی لئے کہا گیا ہے کہ علماء کے شاگرد صوفیا ہیں اور صوفیاء کے مرید علماء۔ علم ظاہر علماء بتائیں گے تو علم باطن صوفیا!

ان دونوں طبقوں میں ربط کا ہونا ضروری ہے۔

جیسا کہ اگر کوئی تصوف جاننے کا دعویٰ کرے مگر نہ عالم ہو اور نہ علماء برحق سے رابطہ رکھے تو وہ بہت بڑا گمراہ ہے۔ اسی طرح اگر کوئی عالم ہونے کا دعویٰ کرے اور کسی مرشد کا مرید نہ ہو تو وہ فاسق ہے اور اگر کسی نے دونوں علم کو حاصل کر لیا تو وہ بہت بڑا محقق ہے۔ خلاصہ کلام یہ ہے کہ باطنی

علم حاصل کرنے کے لئے مرشد کامل کی اشد ضرورت پڑتی ہے جو کہ باطنی تعلیم یعنی اذکار واشغال بتائے روحانی وقلبی لذتوں اور عبادتوں کے مزوں سے واقف کرائے۔ جب کمال محنت ریاضت سے طریقت کی منزل طے ہوجاتی ہے تو اسی وقت حقیقت کی منزل سامنے آتی ہے جس میں تمامی مخلوقات کی اصلیت و ماہیت کا علم اور یقینی مشاہدہ ہوجاتا ہے۔ جب دیدۂ دل سے ہر شے کی حقیقت واصلیت دکھائی دیتی ہے کسی چیز کی تحقیق میں کسی طرح کا شک وشبہ نہیں رہتا ہے تو وہیں سے ابتداء معرفت کی ہوتی ہے جس مقام پر پہنچ کر سالک کو خالق کا پورا علم معرفت حاصل ہوتا ہے اور یہی عظیم کامیابی ہے۔ جیسا کہ نص قطعی سے واضح ہے قَدْ اَفْلَحَ مَنْ تَزَكّٰى وَذَكَرَاسْمَ رَبِّهٖ فَصَلّٰى تحقیق کہ سب سے عظیم کامیابی دل کی صفائی اور اپنے رب کا نام جپنا نماز کی پابندی کرنا!

اس آیت کریمہ میں اللہ تبارک وتعالیٰ نے چند چیزوں کا تذکرہ فرمایا ہے ایک عظیم کامیابی دوسرا دل کی صفائی تیسرا اللہ کے نام کا ورد کرنا چوتھا نماز کی پابندی کا اہتمام کرنا۔

گویا اللہ رب العزت نے سلسلہ وار چند چیزوں کا تذکرہ فرما کر ایک دوسرے کا ربط ظاہر فرمادیا ہے یعنی کامیابی حاصل کرنا چاہتے ہو تو دل کو پاک وصاف کرو مگر سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ دل صاف کیسے ہوگا تو جواب ملا اسم اللہ کے ذکر سے اللہ کا نام جپنے سے یعنی دل کی صفائی کا بہترین صیقل اسم اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے جیسا کہ اس فرمان سے مکمل دلیل ملتی ہے۔

لِكُلِّ شَيْءٍ صِقَالَةٌ وَصِقَالَةُ الْقَلْبِ ذِكْرُ اللّٰهِ تَعَالٰى ہر چیز کے لئے ایک صیقل ہے اور دل کا صیقل اللہ تعالیٰ کا ذکر ہے!

اس کے بعد نماز کی پابندی کرنا یعنی جب دل پاک وصاف ہوجائے گا تو نماز کا صحیح لطف وذائقہ بھی ملے گا، خدا کے جلوے کا نمود ہوگا اور اَلصَّلٰوةُ مِعْرَاجُ الْمُؤْمِنِيْنَ کی پوری وضاحت ہوگی اور یہ حقیقت ہے کہ جس کے دل میں دنیا بسی رچی ہوگی وہ نماز میں بھی اپنے مالک سے دوری

رہا کرتا ہے اور صرف کسی طرح اپنے اوپر کا بوجھ اتار پھینکتا ہے لیکن حقیقی طور پر جس کا دل مصفا و مجلا ہوتا ہے وہی نماز کی لذت سے آشنا ہوتا ہے اور اس کا ایک ایک رکن اس کے لئے ایک نئے ذائقے کا سامان پیدا کرتا ہے اور وہ خدا کے جلوے میں ایسا کھو جاتا ہے جس کی لذت کو بیان کرنے سے قاصر رہتا ہے۔ نماز پڑھنا اور ہے نماز کی لذت سے آشنا ہونا اور، نماز ادا کرنا اور ہے نماز میں محو ہو جانا اور۔ اس لئے کہ یہ حقیقت ہے کہ نماز خدا اور بندے کی قربت کا واحد ذریعہ ہے جو بندے کو اپنے خالق کے قریب کرتی ہے۔ جیسا کہ ایک حدیث شریف سے وضاحت ہوتی ہے کہ جب بندہ فرائض ادا کرتا ہے تو خدا اسکو قریب کر لیتا ہے اور جب بندہ نوافل ادا کرتا ہے تو خدا اس کو محبوب بنا لیتا ہے۔ اس لئے صوفیاء کرام نے فرائض ادا کرنے کے بعد نوافل کی طرف کافی زور دیا ہے اور نوافل کو اپنا نصب العین بنایا ہے۔ فرائض مخصوص ہیں مگر نوافل کی کوئی حد نہیں جتنا چاہیں اس قدر اضافہ کرتے جائیں یہ اپنی طاقت اور جذبۂ کامل پر منحصر ہے!

اس لئے صوفیاء کرام نے ذکر کو چار حصوں میں تقسیم کیا ہے اول ناسوتی دوئم ملکوتی سوئم جبروتی چہارم لاہوتی! ذکر ناسوتی کو شریعت کہتے ہیں وہ ذکر لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کا ہے، ذکر ملکوتی کو طریقت کہتے ہیں وہ الا اللہ کا ذکر ہے، ذکر جبروتی کو حقیقت کہتے ہیں وہ اللہ کا ذکر ہے اور ذکر لاہوتی کو معرفت کہتے ہیں وہ ذکر ھو کا ہے!

حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے اقوال کو ناسوت مصطفےٰ صلی اللہ علیہ وسلم کے افعال کو ملکوت اور آپ کے احوال کو جبروت اور وصول الی اللہ کو لاہوت کہتے ہیں۔

عالم ظاہر کو ناسوت، عالم فرشتہ کو ملکوت، عالم ارواح کو جبروت اور ان عالموں سے علیحدہ کو لاہوت کہتے ہیں!

گویا لاہوت ذات، جبروت صفات، ملکوت فعل اور ناسوت اثر فعل ہے!

شریعت تزکیہ جوارح، طریقت تصفیہ دل، حقیقت تجلیہ روح

جسم ظاہر ناسوت، دل ملکوت، روح جبروت اور سر لاھوت ہے!

ابتداء عالم ناسوت سے ہوتی ہے جب سالک ناسوت سے گزرا ملکوت میں پہنچا جب ملکوت سے گزرا جبروت میں پہنچا جب اس عالم سے ترقی کرتا ہے تو لاھوت میں پہنچ کر فانی فی اللہ و باقی اللہ ہو جاتا ہے!

ذکر زماں لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ ذکر روح ھو ھو ذکر سر انا انا اس سے آگے نہ عبارت ہے نہ اشارت!

جب ان منزلوں سے طالب مولیٰ گزر جاتا ہے تو اللہ رب العزت اس کو اپنا محبوب بنالیتا ہے جیسا کہ اس حدیث قدسی سے ظاہر ہے! حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ روایت فرماتے ہیں کہ سرکار دو عالم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہے کہ اَنَّ اللّٰہَ تَعَالیٰ قَالَ مَنْ عَادیٰ لِیْ وَلِیًّا فَقَدْ اٰذَنْتُہٗ بِالْحَرْبِ یعنی اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے کہ جو شخص میرے کسی ولی سے دشمنی کرے گا اس شخص کو میری طرف سے اعلانِ جنگ ہے۔

وَمَا تَقَرَّبَ اِلَیَّ عَبْدِیْ بِشَیْءٍ اَحَبَّ اِلَیَّ مِمَّا افْتَرَضْتُ عَلَیْہِ اور میرا بندہ میری کسی محبوب چیز کے ذریعہ میرا اتنا قرب حاصل نہیں کر سکتا جتنا کہ میرے فرائض کو ادا کر کے میرا قرب حاصل کر سکتا ہے وَمَا یَزَالُ عَبْدِیْ یَتَقَرَّبُ اِلَیَّ بِالنَّوَافِلِ حَتّٰی اَحْبَبْتُہٗ اور ہمیشہ میرا بندہ نوافل کے ذریعہ میرا قرب حاصل کرتا رہتا ہے یہاں تک کہ میں اس کو اپنا محبوب بنالیتا ہوں۔

فَاِذَا اَحْبَبْتُہٗ فَکُنْتُ سَمْعَہُ الَّذِیْ یَسْمَعُ بِہٖ وَ بَصَرَہُ الَّذِیْ یُبْصِرُ بِہٖ وَیَدَہُ الَّتِیْ یَبْطِشُ بِھَا وَ رِجْلَہُ الَّتِیْ یَمْشِیْ بِھَا وَ اِنْ سَأَلَنِیْ لَاُعْطِیَنَّہٗ وَلَئِنْ اِسْتَعَاذَنِیْ لَاُعِیْذَنَّہٗ رواہ البخاری (مشکوٰۃ ۱۹۷)۔

پھر میں جب اپنے بندے کو اپنا محبوب بنا لیتا ہوں تو میں اس کا کان ہو جاتا ہوں جس سے وہ سنتا ہے اور میں اس کی آنکھ ہو جاتا ہوں جس سے وہ دیکھتا ہے اور میں اس کا ہاتھ ہو جاتا ہوں جس سے وہ پکڑتا ہے اور میں اس کا پاؤں ہو جاتا ہوں جس سے وہ چلتا ہے اور وہ اگر مجھ سے کسی چیز کا سوال کرتا ہے تو میں ضرور ضرور اس کو عطا کرتا ہوں اور اگر وہ میری پناہ مانگتا ہے تو میں ضرور ضرور اس کو پناہ دیتا ہوں!

گویا اس بندے کی ذات صفات الٰہی سے متصف ہو جاتی ہے اور پھر اس میں ایسی قوت وتوانائی آجاتی ہے جیسا کہ لوہا آگ میں رہنے کے بعد آگ کی خاصیت پیدا کر لیتا ہے اور بعینہ وہی کام کرنے لگتا ہے جس طرح آگ کرتی ہے!

بس اسی طرح اللہ کا بندہ تمام روحانی صفات سے متصف ہو کر مخلوق پر اپنا تصرف جاری کرتا ہے، مظلوموں کی دادرسی کرتا ہے، دنیا میں امن وشانتی کا پیغام دیتا ہے، حق وناحق میں طرۂ امتیاز پیدا کرتا ہے اور جب تک حیات ظاہر میں رہتا ہے شریعت، طریقت، حقیقت اور معرفت سے لوگوں کو روشناس کراتا رہتا ہے، اسلام کا صحیح چہرہ لوگوں کے سامنے پیش کرتا ہے اوامر ونواہی کی پابندی کراتا ہے۔ گویا خدا اور بندے کے درمیان واسطہ بن جاتا ہے۔

اور جب اس عالمِ فنا سے عالمِ بقا کی طرف کوچ کرتا ہے اَلْمَوْتُ جِسْرٌ یُوْصِلُ الْحَبِیْبَ اِلَی الْحَبِیْبِ (یعنی موت ایک پل ہے جو ایک دوست کو دوسرے دوست سے ملا دیتی ہے) کی لذتوں سے ہمکنار ہوتا ہے اور لَا یَمُوْتُوْنَ بَلْ یَنْقُلُوْنَ مِنْ دَارٍ اِلٰی دَارٍ (یعنی خدا کے دوست مرتے نہیں بلکہ ایک گھر سے دوسرے کی طرف نقلِ مکانی کر جاتے ہیں) کا حق دار بن جاتا ہے۔

گویا تمام قوت وتوانائی میں اور بھی اضافہ ہو جاتا ہے دوست کے جلوؤں سے فیضیاب

ہوکر ایک عالم کو اس فیضِ بیکراں سے نوازتا رہتا ہے۔بس یہی وجہ ہے کہ اہل حق اہل اللہ کے مزار مقدس کی حاضری کو اپنا نصیبہ جانتے ہیں اور اپنا حل تلاش کرتے ہیں جیسا کہ امام شافعی امام ابوحنیفہ کے مزارِ مقدس پہ حاضر ہوکر مسئلہ کا حل تلاش کرتے تھے اور صحیح جواب لےکر روانہ ہوتے تھے ایسے ہی ہر مخلوق روضۂ ولی پر روز و شب حاضر رہا کرتی ہے اور اپنے اپنے طریقے سے خدمت انجام دےکر عقدۂ مالا ینحل کا حل نکالتی ہے۔اور دینی و دنیاوی مرادیں پاکر خراجِ عقیدت ومحبت پیش کرتی ہے۔یہ سچ ہے کہ ہمارا ظرف تنگ ہوسکتا ہے مگر ان کے فیضانِ کرم کا دریا جوش مارتا ہے اور مارتا ہی رہےگا اور زبان حال سے یہ کہتا ہی رہےگا:

ہم تو مائلِ بکرم ہیں کوئی سائل ہی نہیں
راہ دکھلائیں کسے رہروِ منزل ہی نہیں

فلک پہ چاند ستارے زمیں پہ لالہ وگل　　کہاں کہاں نہ جلے تیرے بانکپن کے چراغ

وماعلینا الاالبلاغ

فقیر ابوالحسام السید الشاہ **اعجاز احمد** القادری الرزاقی عفی عنہ

(۱)

ھوالقادر

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللھم تقبل منی!

دستورالعمل تعلیمی

یعنی جس کے پڑھنے اور عمل کرنے سے فقیر صوفی، عارف اور درویش بن جاتا ہے بشرطیکہ طالب اور صدق اور عشق اور تسلیم ورضا کی صفت کے ساتھ موصوف ہو۔اس لئے اپنے سلسلے کا دستورالعمل بموجب خلقت انسان کے چار چیزوں سے مرتب ہے اور پانچویں چیز سے اکمل ہونا مراد ہے وہ تحریرات تعلیمی میں قلمبند ہوگی اور وثوق و رسوخ کے لئے اصلہا ثابت وفروعہا فی السماء جس کا مقدمہ ہے اور سلوک اکتسابی جمالی وجلالی کا متقاضی ہوتا ہے اس لئے اوّل بیعت یعنی توبہ اور توسل جو باعث حصول نسبت ہے اس کو مقدم کیا جس سے نسلاً بَیْعَتاً نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم تک توسل ہے۔

دوم اوراد و وظائف پڑھنے اتباع شرع شریف کے ساتھ جو موجب حصول جمال وانوار اور مناسب باطنی وادراک میں ترقی کرنے والے ہیں جیسے تلاوتِ کلام اللہ و دلائل شریف وحزب الادعیہ وقصیدہ پاک غوثیہ وقصیدہ بردہ و درود قادریہ اور وظیفے کی کتاب جو معمولات دعاؤں کے شامل ہے اور مروجہ خاندان ہیں مثل حزب البحر اورادفتحیہ ودعائے سیفی دعائے بشمخ وغیرہ وغیرہ

سوم مرتبے میں اذکار چہارم مرتبے میں افکار یعنی مراقبات جس سے تزکیہ تصفیہ تخلیہ تجلیہ

حاصل ہوتا ہے اور سیر الی اللہ، فی اللہ، من اللہ، مع اللہ میں رسائی اور روانی ہوتی ہے اور انوار اور فیضانِ الٰہی کا مورد بن جانا نصیب ہوگا۔ اس کے لئے کتاب کشف الاسرار و مجالس الاذکار و الہام ربانی در طریقہ محبوب سبحانی و فتوح الغیب و غنیۃ و مجالس ستین وغیرہ دیکھے اور فرصت کے وقتوں میں تنہا یا احباب و مریدان کے حلقوں میں تذکار بزرگان بیان کرے یا پڑھے اور سنائے! فقط

(۲)

ھوالقادر

فنافی الشیخ

تصور شیخ ہمہ اقسام عالم میں شیخ ہی جلوہ گر نظر آئے یہ حصہ ابتدائی تعلیم کا ہے اس کے بعد اپنے شیخ سے تصور شیخ کو پختہ کرنے کے لئے تعلیم لیتا رہے تاکہ فنافی الشیخ ہو جائے!

فنافی الذات

اس کے بعد اگر شیخ حکم دے تو اپنا تصور کرے اس صورت میں سابقہ تصور کم ہو جائے گا یا بالکل نہیں رہے گا یہ اپنی استعداد پر منحصر ہے اس کو اصل میں فنافی الذات کہتے ہیں مگر اس کی بہت صورتیں ہیں جو احاطۂ تحریر میں نہیں آسکتی صرف مرشد ہی سے حاصل کیا جا سکتا ہے۔

قائم بالذات

اس کے بعد مستقل ہونے کی ضرورت ہے یعنی ایک ہی تصور میں قائم ہونا، چاہیے اپنے تصور میں چاہے شیخ کے تصور میں اس کو رجوع کہتے ہیں۔ اور اسی کو قائم بالذات بھی کہتے ہیں۔ مگر اس کے بعد بھی بہت محنت اور حوصلے کی ضرورت پڑتی ہے الغرض پیر کے عشق میں فنا ہو جائے تو انشاء اللہ اس کے بعد آگے کا راستہ خود بخود روشن ہو جائے گا یعنی فنا فی الرسول اور بعد اس کے فنا فی اللہ پھر طالب اپنی طرف ہوئے گا تو بقا باللہ کا مقام پا کر حق کی دعوت میں مخلوق کی طرف رجوع ہو جائے گا۔ اسی مضمون کی طرف مولانا روم فرماتے ہیں:

چوں تو کردی ذات پیر را قبول
ہم خدا آمد وہم ذات رسول

ھو القادر

ابتدائی تعلیم سلوک قادریہ رزّاقیہ پاک

خلیل بن احمد الصرصری بیان کرتے ہیں کہ قول و فعل اور نفس و وقت کا متحد رہنا اخلاص و تسلیم اختیار کرنا کتاب اللہ و سنّت رسول اللہ سے ہر لحظہ ہر وقت اور ہر حال میں موافق رہنا اور تقرب الی اللہ میں زیادہ رہنا آپ یعنی سیّدنا محی الدین سیّد ابو محمد شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کا طریقہ تھا۔

یوں تو تمام اولیاء کرام اور مشائخ عظام کے طریقے خدا طلبی کے لئے اپنی اپنی جگہ کتاب و سنت کے مطابق قابلِ عمل باعثِ ہدایت اور خدا تک پہنچانے والے ہیں لیکن خدا رسی تصفیہ قلب اور تزکیہ نفس کا جو طریقہ حضرت غوث الاعظم رضی اللہ عنہ نے وضع فرمایا ہے وہ اپنی شانِ ہدایت نمائی میں بے نظیر اور لا جواب ہے، قرآن و حدیث کے مطابق اور نہایت سہل الحصول ہے۔ سلوک قادریہ کے سوا جس قدر طریقے ہیں ان میں کتاب و سنّت کی مطابقت اور اسوۂ رسول کی پابندی اتنی سخت نہیں جتنی کہ سلوک قادریہ میں ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مشائخ قادریہ اپنی شانِ تقدس میں ایک بلند و بالا مقام پر فائز ہیں۔ اب میں اس طریقہ کو ذرا تفصیل کے ساتھ بیان کرتا ہوں جیسا کہ قطب الاقطاب فرد الافراد حاجی الحرمین الشریفین صحیح النسبین کریم الطریقین سیّدنا و مولٰینا و مخدومنا سیّد الہند حضرت خواجہ امیر سیّد محمد القادری الرزّاقی البغدادی المعروف الجمر نی رضی اللہ عنہ سے یکے بعد دیگرے سینہ در سینہ بسلسلہ سجادگی اس فقیر تک پہنچا ہے!

اذکار جھریہ

اوّل ذکر جس کو مشائخ قادریہ رزاقیہ اجھر یہ تلقین فرماتے ہیں۔بسم اللہ کا جہر کے ساتھ ذکر ہے یعنی بلند آواز سے بسم اللہ کے الفاظ کو ٹھہر ٹھہر کر اور سمجھ سمجھ کر خاص طریقہ پر بار بار زبان سے ادا کرنا مکمل مرشد سے سمجھیں۔

ذکر جھر کی چار قسمیں ہیں

یک ضربی۔دوضربی۔سہ ضربی۔چہار ضربی

یک ضربی

یک ضربی کا طریقہ یہ ہے کہ ذاکر دوزانو بیٹھ کر سانس کو ناف کے نیچے سے بلند کرے اور لفظ اللہ کو شدو مداور جہر کے ساتھ ناف سے اٹھا کر قلب پر لگائے پھر اتنی دیر ٹھہرے کہ سانس بھی ٹھہر جائے اسی طرح بار بار کرے۔یہ عمل مرشد برحق کے سامنے مشق کرے اور سمجھے!

دوضربی

دوضربی کا طریقہ یہ ہے کہ ذاکر دوزانو بیٹھ کر سانس کو بدستور سابق ناف کے نیچے روکے اور اسم اللہ کو بلند آواز سے اور سختی وقوت سے اٹھا کر ایک ضرب زانوے راست پر اور دوسری ضرب قلب پر لگائے۔

سہ ضربی

سہ ضربی کا طریقہ یہ ہے کہ ذاکر چارزانو بیٹھے اور ایک ضرب زانوے راست پر اور دوسری ضرب زانوے چپ پر اور تیسری ضرب قلب پر لگائے۔ تیسری ضرب سخت تر اور بلند تر ہونی چاہئے۔

چہار ضربی

چہارضربی کا طریقہ یہ ہے کہ ذاکر چارزانو بیٹھے اور اوّل ضرب زانوے راست پر اور دوسری ضرب زانوے چپ پر اور تیسری ضرب پیش رو اور چوتھی ضرب بہ شدومد اپنے قلب پر لگائے۔ نوٹ یہ تمام اذکار کا جو ذکر ہوا یہ اسم ذات کا ذکر کہلاتا ہے!

ذکر نفی واثبات

جب ذاکر اسمِ ذات کی مشق پوری طرح بہم پہنچالیتا ہے تو پھر اس کے بعد ذکر نفی واثبات کی تلقین کی جاتی ہے جس کا طریقہ یہ ہے کہ ذاکر قبلہ رو اس طرح بیٹھے جیسے نماز میں بیٹھتے ہیں پھر آنکھیں بند کرے اور سانس کو روک کر لفظ ''لا'' کو ناف سے اٹھا کر داہنے کندھے پر سے لے جاکر پس پشت ڈال دے پھر وہاں سے لفظ ''الٰہ'' کو دماغ تک پہنچا کر خود داہنی طرف مخاطب ہوجائے اور خیال کرے کہ میں نے تمام عالم کو پس پشت ڈال دیا ہے اور سب کچھ فانی ہوگیا ہے یہاں تک کہ فوق وبین بھی طے ہوگیا ہے پھر ''اِلَّا اللّٰہ'' کو داہنی طرف سے بائیں طرف قلب پر لے جاکر شدومد کے ساتھ ضرب کرے یسار بھی طے ہوجائے اور خیال کرے کہ سوائے اللہ کے تمام عالم فنا ہوگیا اور اب صرف اللہ کی محبت میرے قلب میں ہے اور کچھ نہیں!

☆

اذکار جہر کے بعد اذکار خفی کی تلقین کی جاتی ہے مگر اس شرط پر کہ ذکر جلی کا اثر ذاکر پر ہو چکا ہو۔ اثر کا مفہوم یہ ہے کہ قلب میں تحریک ذوق وشوق ہو اور خدا کے نام سے دل میں اطمینان اور تسکین حاصل ہو اور وسواس دور ہو جائے اور حق تعالیٰ کو ما سویٰ پر مقدم رکھے اگر تین چار مہینہ تک روزانہ چار ہزار مرتبہ اسم ذات کا ذکر شرائط مزکورہ کے ساتھ کیا جائے تو اثر ضرور ظاہر ہوگا!

تنبیہ:- بغیر بیعت وارشاد وتلقین کسی طرح ان اعمال کے کرنے کی اجازت نہیں ورنہ گمراہی کا اندیشہ ہے!

☆

بعض بزرگوں نے فرمایا پہلے بارہ ہزار بار کم از کم چھ ہزار بار کلمہ طیبہ پڑھا کرو اور اس طرح پر کہ جب سو مرتبہ لَا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ کہہ لیا ایک مرتبہ مُـحَـمَّـدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کہا مگر لا الٰہ الّا اللّٰہ مد کے ساتھ کھینچ کر پڑھے جیسا کہ سرکار آب صلی اللہ علیہ وسلم نے حضرت علی کرم اللہ وجہ کو تلقین فرمایا کہ جس نے مد کے ساتھ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہا اللہ تعالیٰ اس کے کبیرہ گناہوں سے چار سو گناہ بخشے گا اور اس ذکر کو ذکر نفی واثبات مد ذکر فنا وبقا اور ذکر محیط اور ذکر کبیر کہتے ہیں۔ سلسلہ عالیہ قادریہ میں ۹۹ بار لا اِلٰـہَ اِلَّا اللّٰہُ کہکر سو کے عدد میں مُـحَـمَّـدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ کہتے ہیں پس طالبِ صادق پر لازم ہے کہ کلمہ کی توجہ اور لا پر مد کھینچنے کا طریقہ اور ضرب لگانا اور طریق جلسہ اور کلمہ کی باطنی وحقیقی معنی مرشد سے سیکھے پھر پاس انفاس جاری کرے یعنی جب سانس اندر جائے اِلَّا اللّٰہُ اور جب باہر آئے لَا اِلٰـہَ خیال کرے بعض مرشدانِ طریقت نے فرمایا کہ جب سانس اندر جائے لا الٰہ اور جب باہر آئے اللہ کہنا چاہئے اسی طرح جب سانس نکلے تو ھو اور جب اندر

جائے تو اللہ یا دونوں طرف ھوھوملاحظہ کرے یا دائیں پورے سے اللہ کھینچے اور بائیں سے ھو نکالے اور یہ ہر حال میں کیا کرے سفر ہو یا حضر بیٹھے یا کھڑے یا لیٹے وضو ہو یا بے وضو جاری رکھنا چاہئے اسے بھی پاس انفاس ہی کہتے ہیں:

اگر تو پاس داری پاس انفاس

بسلطانی رسا نندت ازیں پاس

ایک سال تک اسی طرح ذکر کرے اس کی مداومت سے قلب میں ماسوئی کی نفی ہو جائے گی اور اثبات ذات واجب الوجود ظاہر ہو اوّل ذکر نفی و اثبات کو بعد نماز عشاء یا تہجد جاری کرو یعنی دوزانو یا چارزانو بیٹھ کر لا کو قلب کے نیچے سے اٹھا کر داہنے مونڈھے تک لے جائے اور الہ کو دماغ سے باہر پشت کی طرف ڈالے وہاں سے الا اللہ کی ضرب معتدل قلب پر لگائے تین مہینوں کے بعد اسی طرح لا معبود الا اللہ کہے پھر لا مطلوب الا اللہ کہے اور قلب میں ماسوائے اللہ کے اور کوئی طلب نہ رہے لا موجود الا اللہ کہے یعنی لا کے ساتھ اپنے اور کل عالم کے وجود کی نفی کرے اور اللہ کا وجود اپنے قلب میں بلکہ ہر جگہ ثابت کرے جہاں تک اپنی قوت وشوق معاونت کرے حقیقت جہد و معتدل ضرب سے عمل کرے اور قلب صنوبری پر لفظ اللہ کا چاندی سے لکھا ہوا ہمہ دم خیال کرے، ہر وقت باوضو رہے، رفتہ رفتہ خلوت نشینی اختیار کرے، درود شریف کی کثرت، نوافل و روزوں کی زیادتی، کلام پاک کی تلاوت ہرگز ناغہ نہ کرے، اکثر تنہائیوں میں آنکھیں بند کئے رو بقبلہ دوزانو سر جھکائے ہوئے بیٹھے اور قلب کی طرف غور کرے، پہلے دل کا تصور پھر اسم ذات یعنی اللہ کا کہ اس میں کوئی روشنی پیدا ہوتی ہے اور یقین کرے کہ ضرور ہے اور ضرور نظر آئے گی، دینوی خیالات سے دماغ کو پاک وصاف رکھے، اشد ضروری کاموں کو خاص خاص معینہ اوقات میں تمام کرے، جو باتیں نفس کو موٹا اور خوش کرتی ہوں نہ سنے نہ کہے، ہاں! ان باتوں میں مشغول ہو جو

عبادت ہوں، عملیات سے اجتناب کرے، کسی تعویذ و عزیمت کی زکوٰۃ نہیں دے، بلا زکوٰۃ تعویذوں اور عزیمتوں میں نفع کی امید رکھے، متبع شریعت ہو، فرائض و واجبات و سنن کے علاوہ نوافل و مستحبات کو بھی ترک نہ کرے! جیسا کہ فرمان ہے مَنْ لَاتَؤُدَّالْفَرْضَ الدَّائِمَ لَنْ يَّقْبَلَ اللهُ مِنْه دَائِمَ اَلْوَقْتِ یعنی جو شخص فرضِ دائم کو ادا نہیں کرتا اس کا دائم الوقت اللہ تعالیٰ ہرگز قبول نہیں فرماتا۔ من فہم فہم۔

حلقہ ذکر کا طریقہ

قطب ربانی غوث صمدانی محبوب سبحانی حضرت سیّدنا و شیخنا محی الدین سیّد ابومحمد شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی سجادگی ابن در ابن قطب الاقطاب فرد الافراد حاجی الحرمین الشریفین صحیح النسبین کریم الطرفین سیّدنا و مولٰنا مخدومنا سیّد الہند حضرت خواجہ امیر سیّد محمد القادری الرزّاقی البغدادی الاجھری رضی اللہ عنہ تک پہنچی ہے اسی سلسلۂ عالیہ قادریہ رزّاقیہ پاک کا مخصوص حلقہ ذکر اس طور جاری ہے۔ جس کو میں نے قلم بند کیا تاکہ قوم اس خاص سلسلۂ عالیہ قادری رزّاقیہ پاک سے صحیح فیض حاصل کر سکے! (طریقہ اس طرح ہے)

اوّل تجدیدِ وضو کرے اور دو رکعت نماز تحیۃ الوضو ادا کرے اور تمام منسلک سلسلہ بھی اسی طرح عمل کریں یعنی ایک حجرہ میں جمع ہو کر خوشبو وغیرہ جلائیں اس کے بعد پھر دو رکعت نماز تقرباً الی اللہ پڑھیں اور ہر رکعت میں الحمد شریف کے بعد سورہ اخلاص تین بار پڑھیں بعد میں سلام مختصر فاتحہ شیخ و شیخ الشیخ اور مشائخ سلسلہ سے استمداد طلب کریں اس کے بعد ورد جاری کریں۔

ورد اس طرح ہے:-

اول تین بار درود شریف:- اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کُلَّمَا ذَکَرَہُ الذَّاکِرُوْنَ
اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِنَا مُحَمَّدٍ کُلَّمَا غَفَلَ عَنْ ذِکْرِہِ الْغَافِلُوْنَ ○

گیارہ بار لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○

تین بار اعوذ باللہ من الشیطان الرجیم ○

تین بار اَسْتَغْفِرُاللّٰہَ رَبِّیْ مِنْ کُلِّ ذَنْبٍ وَّاَتُوْبُ اِلَیْہِ ○

تین بار کلمہ تمجید سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّااللّٰہُ وَ اللّٰہُ اَکْبَرُ
وَلَا حُوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ ○

ستر بار یَا اَللّٰہُ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ اَسْتَغِیْثُ ○

گیارہ بار یَا شَیْخُ عَبْدُالْقَادِرِ شَیْأً لِلّٰہِ اَغِثْنِیْ وَاَدْرِکْنِیْ وَ اَمْدُدْنِیْ ○

تین بار فَاذْکُرُوْنِیْ اَذْکُرْکُمْ وَ اشْکُرُوْلِیْ وَلَا تَکْفُرُوْنَ ○

تین بار اِلٰھُکُمْ اِلٰہٌ وَّ احِدٌ لَااِلٰہَ اِلَّا ھُوَالرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمُ ○

تین بار اِذَا سَئَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ ○ اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ
فَلْیَسْتَجِیْبُوْالِیْ وَ الْیُؤْمِنُوْ بِیْ لَعَلَّھُمْ یَرْشُدُوْنَ ○

تین بار ایاک نعبدو و ایاک نستعین اھدنا الصراط المستقیم صراط
الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم والاالضالین ○ آمین

اس کے بعد ہاتھ اٹھا کر یہ دعا پڑھے۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ حُبَّکَ وَ حُبَّ مَنْ یُحِبُّکَ وَ حُبَّ عَمَلٍ یُقَرِّبُنِیْ اِلَیْکَ ○ ...

بار لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ ٥

بعدہ ذکر میں مصروف ہو جائے:-

اسم ذات کا ذکر ایک ضربی، دو ضربی، سہ ضربی اور چہار ضربی اس کے بعد نفی و اثبات کا اس طرح ذکر کرے یعنی چارزانو بیٹھے اور داہنے پیر کے انگوٹھے سے بائیں پیر کے گھٹنے کے اندر کی رگ کے پاس مضبوطی سے پکڑ لے اور دونوں ہاتھ زانوں پر اس طرح رکھے نقش اللہ نمایاں ہو جائے اور بائیں گھٹنے سے لا کو شروع کرے اور داہنے گھٹنے تک لے جا کر بجانب کتف راست الہ پس پشت ڈال دے اور اس وقت پشت کی جانب قدرے کمر کو خم کرے اور وہاں سے الا اللہ کی ضرب دل پر شدومد کے ساتھ لگائے اس طریقہ سے پے در پے ذکر کرے یہاں تک کہ ایک ہزار کی تعداد پوری ہو۔

اگر وقت کم ہے تو ہر ذکر کی تعداد دو سو رکھے اور اگر اس سے بھی جلدی ہے تو ہر ذکر کم از کم سو بار کرے۔

ذکر سے فارغ ہونے کے بعد یہ دعا ایک بار ورد کرے:- دعا یہ ہے

يَا وَاحِدُ وَجِدْ نَا لَكَ خَلِّصْنَا مِنَ الْخَلْقِ وَاسْتَخْلِصْنَا لَكَ صَحِّحْ دَعَا وِيْنَا بَيِّنَةِ فَضْلِكَ وَ رَحْمَتِكَ طَيِّبْ قُلُوْ بَنَا وَيَسِّرْ اُمُوْرَنَا اِجْعَلْ اُنْسَنَا بِكَ وَوَحْشَتَنَا مِمَّنْ سِوَاكَ اِجْعَلْ هُمُوْ مَنَا هَمًّا وَاحِدً وَّهُوَ الْهَمَ بِكَ وَ الْقُرْبُ مِنْكَ دُنْيَا نَا وَ اُخْرِيْنَا رَبَّنَا اٰتِنَا فِى الدُّنْيَا حَسَنَةً وَّ فِى الْاٰخِرَةِ حَسَنَةً وَّ عَذَابَ النَّارِ ٥

بعدہ شجرہ کے بزرگان قادریہ کی نیاز کریں اور استمداد طلب کریں اور برائے خود سلامتی و حاضرانِ مجلس و جملہ کافہ اسلام دعا کریں و برائے مقہوری اعدائے ظاہر و باطن بلند آواز سے تین بار

تکبیر کہے:-

اَللّٰہُ اَکْبَرُ اَللّٰہُ اَکْبَر لَااِلٰہَ اِلَّا اللّٰہ وَ اَللّٰہُ اَکْبَر اَللّٰہُ اَکْبَر وَلِلّٰہِ الْحَمْدُ ٥

بعدہ شیرنی تقسیم کریں!

نوٹ:- ذکر کے فوراً بعد پانی نہیں پینا چاہئے بلکہ چائے پی لیں تا کہ قلب کو سکتہ نہ پہنچے!

تعلیم وظائف

بعد نماز صبح کے کلمہ طیبہ ایک سو اکیس (۱۲۱) بار بطریق اولی یعنی لا الـہ الا الله دس بار محمد رسول الله گیارہویں (۱۱) بار بعدہ استغفر الله الذی لا اله الا هو الحی القیوم وا توب الیه اکتالیس (۴۱) بار اول آخر گیارہ (۱۱) بار درود شریف اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدِ النَّبِیِّ الْاُمِّیِّ وَ عَلٰی اٰلِہٖ وَ اَصْحَابِہٖ وَبَارِکْ وَسَلِّمْ۔ بعد نماز عشاء سورہ فاتحہ مع بسم اللہ سات (۷) بار اور سورہ اخلاص سات (۷) بار اور یا حی یا قیوم لااله الا انت الواحد اکتالیس (۴۱) بار اور درود شریف ایک سو اکیس (۱۲۱) بار اور یَا وَھَّابُ ایک سو اکہتر (۱۷۱) بار اس کے بعد یہ دعا چھ (۶) بار پڑھے اَللّٰھُمَّ ھَبْ لِیْ مِنْ رَّحْمَتِکَ مَالَا یَمَسَّکَ اَحَدَ غَیْرَکَ اور اگر جس کو زہد میں کاہلی ہوتی ہو تو یہ اسم دوسو چھ (۲۰۶) بار پڑھے انشاء اللہ کاہلی دور ہو جائے گی۔ یَا کَلْکَائِیلُ بِحَقِّ الْجَبَّارِ الَّذِیْ خَضَعَ کُلُّ جَبَّارٍ بِجَبْرُوْتِہٖ یَا کَلْکَائِیلُ ٥ واللهُ الْمُوَفِّقُ وَالْمُعِیْنُ !

ختم پاک غوث الاعظم

(دینی ودنیوی حاجات ومہمات کے لئے)

حضرت غوث الاعظم قطب ربانی محبوب سبحانی پیرانِ پیر دستگیر سیّد ابومحمد محی الدین شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ نے ختم پاک اس طرح ترتیب دیا یعنی اوّل دوگانہ نماز ادا کرے اس کے بعد ختم پاک شروع کرے اوّل درود شریف ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ اور کلمہ تمجید ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ یا حضرت محی الدین سید ابو محمد شیخ عبدالقادر جیلانی شیاء للہ ایک سو گیارہ (۱۱۱) مرتبہ، سورۂ یٰسین ایک بار، سورۂ الم نشرح گیارہ سو (۱۱۰۰) بار اور درود شریف ایک سو گیارہ مرتبہ، اس کے بعد یہ دعا ایک سو ایک (۱۰۱) بار پڑھے۔ دعا یہ ہے:

وَ اِذَا سَاَلَکَ عِبَادِیْ عَنِّیْ فَاِنِّیْ قَرِیْبٌ اُجِیْبُ دَعْوَۃَ الدَّاعِ اِذَا دَعَانِ فَلْیَسْتَجِیْبُوْ لِیْ وِالْیُوْمِنُوْ بِیْ لَعَلَّھُمْ یَرْشُدُوْنَ ٥

اس کے بعد قطب ربانی غوث صمدانی محبوب سبحانی حضرت محی الدین سیّد ابومحمد شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کی توشے پر نیاز کرے اود امداد طلب کرے اور اپنی حاجت عرض کرے اور آپ کے طفیل میں خدائے تعالیٰ سے دعا مانگے انشاءاللہ بکرمہ وفضلہ ضرور مستجاب ہوگی اور مشکل کام آسان ہوگا!

یہ ختم پاک شب جمعہ یا شب سوموار کو کرے۔

(٦)

غوث الاعظم کے یازدہ اسماء

قطب ربانی غوث صمدانی محبوب سبحانی حضرت سیّدنا وشیخنا محی الدین

سیّدابومحمد شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ

کے یازدہ اسماء روزانہ کم ازکم ایک بار ورد کرے دینی ودنیاوی فلاح پائے!

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

اللھم صل علیٰ محمد بجمالك و جمال حبیبك و نبیك وشفیعك سیدنا محمد وعلی اله و اصحابه و بارك وسلم۔

(۱) یاالٰہی بعزۃ وحرمت قطب الاقطاب غوث الثقلین غوث الاعظم حضرت الحسنی والحسینی قطب ربانی غوث صمدانی محبوب سبحانی سرچشمہ سلطانی حضرت سیّدمحی الدین سیّدابومحمد شیخ عبدالقادر جیلانی قطب الجن والانس والملائکہ رضی اللہ عنہ

(۲) یاالٰہی بعزۃ وحرمت قطب الاقطاب غوث الثقلین غوث الاعظم حضرت سلطان محی الدین سیّدابومحمد شیخ عبدالقادر جیلانی شیخ الجن والانس والملائکہ رضی اللہ عنہ

(۳) یاالٰہی بعزۃ وحرمت قطب الاقطاب غوث الثقلین غوث الاعظم حضرت فقیر محی الدین سیّدابومحمد شیخ عبدالقادر جیلانی قطب البر والبحر رضی اللہ عنہ

(۴) یاالٰہی بعزۃ وحرمت قطب الاقطاب غوث الثقلین غوث الاعظم حضرت خواجہ محی الدین سیّد ابومحمد شیخ عبدالقادر جیلانی قطب الجنوب والشمال رضی اللہ عنہ

(۵) یاالٰہی بعزۃ وحرمت قطب الاقطاب غوث الثقلین غوث الاعظم حضرت مخدوم محی الدین سیّد ابومحمد شیخ عبدالقادر جیلانی قطب المشرقین والمغربین رضی اللہ عنہ

(۶) یاالٰہی بعزۃ وحرمت قطب الاقطاب غوث الثقلین غوث الاعظم حضرت غریب محی الدین سیّد ابومحمد شیخ عبدالقادر جیلانی قطب النجوم والشہاب رضی اللہ عنہ

(۷) یاالٰہی بعزۃ وحرمت قطب الاقطاب غوث الثقلین غوث الاعظم حضرت بادشاہ محی الدین سیّد ابومحمد شیخ عبدالقادر جیلانی قطب الارض والسموٰۃ رضی اللہ عنہ

(۸) یاالٰہی بعزۃ وحرمت قطب الاقطاب غوث الثقلین غوث الاعظم حضرت شیخ محی الدین سیّد ابومحمد شیخ عبدالقادر جیلانی قطب العرش والکرسی رضی اللہ عنہ

(۹) یاالٰہی بعزۃ وحرمت قطب الاقطاب غوث الثقلین غوث الاعظم حضرت درویش محی الدین سیّد ابومحمد شیخ عبدالقادر جیلانی قطب اللوح والقلم رضی اللہ عنہ

(۱۰) یاالٰہی بعزۃ وحرمت قطب الاقطاب غوث الثقلین غوث الاعظم حضرت ولی محی الدین سیّد ابومحمد شیخ عبدالقادر جیلانی قطب الفوق والارض وتحت الثریٰ رضی اللہ عنہ

(۱۱) یاالٰہی بعزۃ وحرمت قطب الاقطاب غوث الثقلین غوث الاعظم حضرت مولٰنا محی الدین سیّد ابومحمد شیخ عبدالقادر جیلانی

راکب الملٰکۃِ صاحب المعراج تابع النبی صلی اللہ علیہ وعلی الہ

واصحابہ وسلم یاھمرائیل یا لومائیل یا طنائیل بحق یا شیخ عبدالقادر جیلانی شیاء للہ یا محمد افتح الابواب اجرنی بحق یا بدوح الا ان اولیاء اللہ لا خوف علیھم ولا ھم یحزنون برحمتك یا ارحم الراحمین!

بعدہ سہ بار یہ رباعی پڑھے:

غریبم نامرادم یا محی الدین جیلانی
زپا افتادہ ام دستم بگیر اے قطب ربانی
بجز تو نیست دیگر کس کہ گیرد دست من از غم
مرا تو دستگیری کن تو ای محبوب سبحانی

(۷)

قصیدہ غوثیہ خمریہ

اوّل آخر اس درود شریف کو یازدہ (۱۱) بار پڑھیں:- درود شریف یہ ہے۔

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی سَیِّدِ نَا مُحَمَّدٍ مَعْدِنِ الْجُوْدِ وَالْکَرَمِ وَ اٰلِهٖ واَصْحَابِهٖ وَسَلِّمْ o

ترکیب نصاب وزکوٰۃ اس طرح ہے:-

نصاب کا طریقہ:- عروج ماہ میں روز پنجشنبہ سے شروع کرے نماز صبح کے بعد طلوع آفتاب سے قبل دریا کے کنارے ایک ہفتہ تک بلا ناغہ گیارہ (۱۱) بار پڑھے اور طلوع آفتاب کے قبل ختم کرے شروع کرنے سے پہلے حضرت سیّدنا شیخ عبدالقادر جیلانی رضی اللہ عنہ کی فاتحہ کرے بعدہ قصیدہ غوثیہ خمریہ پڑھے مع ترک حیوانات جلالی و جمالی۔

زکوٰۃ کا طریقہ:- ہر روز بوقت شب مع اوّل وآخر درود شریف سات سات بار اور قصیدہ غوثیہ خمریہ اکتالیس (۴۱) بار چالیس (۴۰) روز تک پڑھے۔

نوٹ:- اگر نصاب کی زحمت کو برداشت نہ کرسکے تو کمالِ اعتقاد کے ساتھ ایک چلّہ بلا ناغہ نصف شب بعد فاتحہ غوث الاعظم رضی اللہ عنہ گیارہ گیارہ بار درود شریف اور قصیدہ گیارہ بار پڑھے فائدہ نصاب ہی کا حاصل ہوگا۔

سَقَانِی الْحُبُّ کَاسَاتِ الْوِصَالِ
فَقُلْتُ لِخَمْرَتِی نَحْوِی تَعَالِ

سَعَتْ وَمَشَتْ لِنَحْوِیْ فِی کُئُوسٍ
فَہِمْتُ بِسُکْرَتِی بَیْنَ الْمَوَالِ

فَقُلْتُ لِسَائِرِ الْاَقْطَابِ لُمُّوْا
بِحَالِیْ وَادْخُلُوْا اَنْتُمْ رِجَالِ

وَہُمُّوْا وَاشْرِبُوْا اَنْتُمْ جُنُوْدِیْ
فَسَاقِی الْقَوْمِ بِالْوَافِی مَلَالِ

شَرِبْتُمْ فَضْلَتِیْ مِنْ بَعْدِ سُکْرِی
وَلَا نِلْتُمْ عُلُوِّیْ وَاتِّصَالِ

مَقَامُکُمُ الْعُلیٰ جَمْعاً وَّلٰکِنْ
مَقَامِیْ فَوْقَکُمْ مَازَالَ عَالِ

انــا فــیْ حـضــرـۃ التّقریــب وحدی
یــصــرّفــنــیْ و حسبــیْ ذوالــجلال

اَنــا الْبــازیُ اَشهــبُ کُــلّ شیــخ
ومَــنْ ذافــی الــرّجالِ اُعطــیْ مثــال

کَسَــــانــیْ خِلْــعَۃً بِــطــرْزِ عَــزْم
تَــوَجَــنِــی بِتِیــجَــانِ الْــکَمَــال

وَاَطْـــلَـــعَــنِــیْ عَـلــیْ سِــرّ قَــدِیْــم
وَقَــلّــدَنِــیْ وَاَعْـطَــانِــیْ سُــؤال

وَوَلّا فِــی عَــلــیْ الاَقْـطَــاب جَــمْـعــاً
فَـحُکْــمِــیْ نَــافِــذٌ فِــی کُلّ حَــال

فَــلَــوْ اَلْــقَیْــتُ سِــرّیْ فِــیْ بِــحَــار
لَــصَــارَ الْــکُــلُّ غَــوْراً فِــیْ الــزّوال

وَ لَــوْاَلْــقَیْــتُ سِــرّیْ فِــیْ جِبــال
لَــدُکّــتْ وَاخْتَــفَــتْ بَیْــنَ الــرّمَــال

وَلَوْ اَلْقَیْتُ سِرِّیْ فَوْقَ نَارٍ
لَخَمَدَتْ وَانْطَفَتْ مِنْ سِرِّ حَالِ

وَلَوْ اَلْقَیْتُ سِرِّیْ فَوْقَ مَیْتٍ
لَقَامَ الْقُدْرَہِ الْمَوْلٰی تَعَالٰی

وَمِنْهَا شُهُوْرٌ اَوْدُهُوْرٌ
تَمُرُّوْ تَنْقَضِیْ اِلَّا اَتَالِ

وَتُخْبِرُنِیْ بِمَا یَاتِیْ وَیُجْرِیْ
وَتُعْلِمُنِیْ فَاَقْصِرْعَنْ جِدَالِ

مُرِیْدِیْ هِمْ وَطِبْ وَاشْطَحْ وَغَنِّ
وَافْعَلْ مَا تَشَاءُ الْاِسْمُ عَالِ

مُرِیْدِیْ لَا تَخَفْ اَللّٰهُ رَبِّیْ
عَطَانِیْ رِفْعَةً نِلْتُ الْمَنَالِ

طُبُوْلِیْ فِی السَّمَاءِ الْاَرْضِ دُقَّتْ
وَشَاءُوْسُ سَعَادَةٍ قَدْ بَدَالِ

Scanned by CamScanner

بِلَادُ اللّٰهِ مُلْكِيْ تَحْتَ حُكْمِيْ
وَ وَقْتِيْ قَبْلَ قَلْبِيْ قَدْ صَفَالِ

مُرِيْدِيْ لَا تَخَفْ وَاشٍ فَاِنِّيْ
عَزُوْمٌ قَاتِلٌ عِنْدَ الْقِتَالِ

نَظَرْتُ اِلٰى بِلَادِ اللّٰهِ جَمْعاً
كَخَرْدَلَةٍ عَلٰى حُكْمِ اتِّصَالِ

دَرَسْتُ الْعِلْمَ حَتّٰى صِرْتُ قُطْباً
وَنِلْتُ السَّعْدَ مِنْ مَوْلَى الْمَوَالِ

فَمَنْ فِيْ اَوْلِيَاءِ اللّٰهِ مِثْلِيْ
وَمَنْ فِيْ الْعِلْمِ وَ التَّعْرِيْفِ حَالِ

رِجَالٌ فِيْ هَوَاجِرِهِمْ صِيَامٌ
وَ فِيْ ظُلَمِ اللَّيَالِيْ كَاللُّؤْلُؤَالِ

وَكُلُّ وَلِيٍّ فِيْ قَدَمِيْ وَاِنِّيْ
عَلٰى قَدَمِ النَّبِيْ بَدْرِ الْكَمَالِ

اَنَا الْجِيْلِيْ مُحِيُّ الدِّيْنِ اِسْمِيْ

وَاَعْلَامِیْ عَلٰی رَاسِ الْجِبَالِ

اَنَا الْحَسَنِیُّ وَالْمَخْدَعُ مَقَامِیْ
وَاَقْدَامِیْ عَلٰی عُنُقِ الرِّجَالِ

وَعَبْدُالْقَادِرِ الْمَشْهُوْرِ اِسْمِیْ
وَجَدِّیْ صَاحِبُ الْعَیْنِ الْکَمَالِ

(۷)

قصیدہ غوثیہ کا ترجمہ

(۱)

مجھ کو محبت نے وصال دلربا کے جام پلائے
تو میں نے اپنی شراب عشق سے کہا کہ میری طرف آ اور زیادہ محو کر

(۲)

وہ پیالوں میں لبریز ہو کر تیزی سے میری طرف چلی
تو میں اپنی مستی سے اپنے دوستوں میں مست ہو گیا حالت جذب میں پہنچا اور
مقام قرب الٰہی خاص ملا

(۳)

پس میں نے تمام اقطاب کو خوشخبری دی آؤ
میری حالت میں شریک ہو جاؤ کہ تم میرے رفیق ہو

(۴)

اور قصد کرو (کوشش کرو) کہ تم لوگ عشق الٰہی کی شراب پیو

کہ تم میرے لشکر میں ہو بس ساقی نے کافی شراب بھر دی ہے

(۵)

تم نے میرے نشہ کے بعد باقی بچی ہوئی (تلچھٹ) پی ہے

اور میرے بلندی اور قرب خاص کے درجہ کو نہیں پہنچے

(۶)

تم سبھوں کے مقام درجات عالی برتر ہیں لیکن

میرا مرتبہ قرب خاص تم سے ہمیشہ بلند ہے

(۷)

قرب الٰہی میں میرا مقام تنہا ہے

اللہ تعالیٰ مجھے درجہ بدرجہ ترقی دیتا ہے اور وہ رب ذوالجلال میرے لئے کافی ہے

(۸)

میں آسمان معرفت کا شہباز ہوں اور اللہ نے تمام مشائخ پر مجھے فضیلت دی ہے

ان مردان خدا میں سے بھلا کون ہے جس کو میرے جیسا مرتبہ عطا ہوا ہے

(۹)

رب ذوالجلال نے مجھے عزم راسخ اور ہمت بلند کی پوشاک مرحمت فرمائی ہے

اور کمالات کے بہت سے تاج میرے سر پر رکھے ہیں

(۱۰)

اور اس نے مجھ کو اپنے قدیمی راز سے مطلع کیا

اور مرے گلے میں عزت کا ہار پہنایا اور جو میں نے مانگا وہ عطا کیا

(۱۱)

اور مولائے کریم نے مجھے تمام اقطاب عالم پر حکومت دی

تو میرا حکم ہر حال میں جاری ہے

(۱۲)

اگر میں عشق کا راز سمندروں میں ڈال دوں

تو وہ برداشت نہ کر سکیں ان کا پانی زمین میں جذب ہو جائے اور وہ یکسر خشک ہو جائیں

(۱۳)

اگر میں اپنا راز پہاڑوں پر ڈال دوں

تو وہ ریزہ ریزہ ہو کر اس طرح ریت میں مل جائیں کہ ان میں اور ریت میں کوئی امتیاز نہ رہے

(۱۴)

اگر میں اپنا راز آگ پر ڈال دوں

تو وہ میرے حال سے آگاہ ہو کر سرد ہو جائے اور اس میں گرمی اور روشنی کا نام ونشان نہ رہے

(۱۵)

اور اگر میں اپنے قرب الٰہی کا راز کسی مردہ پر ڈالوں

تو خدا کی قدرت سے وہ فوراً اٹھ کھڑا ہو

(۱۶)

اور جو ماہ وسال دنیا میں آتے جاتے رہتے ہیں

وہ پہلے مجھ پر آتے ہیں پھر دوسروں کی طرف جاتے ہیں

(۱۷)

اور وہ مجھے ماضی و مستقبل کے حالات سے آگاہ کرتے ہیں

تو مجھ سے اس بارے میں مت حجت کر

(۱۸)

اے میرے مرید عشق الٰہی میں سرشار رہ اور خوش ہو جا

کسی سے مت ڈر جو چاہے کر تیری بیعت کی نسبت میرے نام سے ہے جو بلند ہے

(۱۹)

اے میرے مرید کسی سے مت ڈر اللہ تعالیٰ میرا پروردگار ہے

اور اس نے اپنے فضل سے وہ مرتبہ عطا کیا ہے کہ میں اپنی مطلوبہ آرزوؤں کو پالیتا ہوں

(۲۰)

زمین و آسمان میں میری عظمت کے ڈنکے بجتے ہیں

اور خوش بختی اور سعادت کے نقیب میرے آگے آگے رواں دواں ہوتے ہیں

(۲۱)

اللہ کا ہر ملک میرا ہے اور میرے زیر فرمان ہے

پیدائش سے پہلے ہی میرا دل اللہ نے مصفیٰ کر دیا تھا

(۲۲)

اے مرید کسی بد باطن مخالف سے نہ ڈر کیونکہ لڑائی میں میں

نہایت ثابت قدم اور دشمن کو ہلاک کرنے والا ہوں

(۲۳)

اللہ کے تمام ملک اور شہر جو اس نے زمین پر بسائے
میری نظر میں ہیں اور رائی کے دانہ کے برابر دکھائی دیتے ہیں

(۲۴)

تحصیل و تکمیل علوم نے مجھے مقام قطبیت پر پہنچادیا
اور یہ سعادت مجھے اللہ کے فضل سے حاصل ہوئی

(۲۵)

کون ولی اللہ میری برابری کا دعویٰ کرسکتا ہے
اور کون میرے تصرف وعلم کی ہمسری کرسکتا ہے

(۲۶)

میرے مرید سخت گرمیوں میں روزے رکھتے ہیں
اور رات کی تاریکیوں میں موتیوں کی طرح چمکتے ہیں

(۲۷)

ہر ولی میرے طریقے پر ہیں اور بے شک میرا طریقہ
سنت خیر البشر کی متابعت ہے جو آسمان کمال کے بدر کامل ہیں

(۲۸)

میں جیل (جیلان) کا رہنے والا ہوں اور محی الدین کے نام سے پکارا جاتا ہوں
اور میری عظمت ورفعت کے جھنڈے پہاڑوں کی بلند ترین چوٹیوں پر لہرارہے ہیں

(۲۹)

میں امام حسن کی اولاد سے ہوں اور عظمت میرا مقام ہے

اور میرے قدم تمام اولیاء اللہ کی گردن پر ہیں

(۳۰)

اور عبدالقادر میرا مشہور نام ہے

اور میرے نانا جان سرچشمہ کمال ہیں

(۸)

حضرت سیدنا بغدادی المجہری رضی اللہ عنہ کے اشعار

قطب الاقطاب فرد الافراد حاجی الحرمین الشریفین صحیح النسبین کریم الطرفین سیّدنا ومولٰنا و مخدومنا سیّد الہند حضرت خواجہ امیر سیّد محمد بن القادری الرزّاقی البغدادی الامجہری رضی اللہ عنہ کے اشعار جو سرکارِ آب صلی اللہ علیہ وسلم نے بشری حالت میں آ کر سیّدنا رضی اللہ عنہ کو اپنی ملاقات کا شرف بخشا اُسی وقت حضرت سیّدنا رضی اللہ عنہ کی زبانِ مبارک سے برجستہ یہ اشعار ہویدا ہوئے! وہ یہ ہیں:

سَقَانِیْ سَیِّدِیْ کُوْثَرْ زُلَالَ
عَطَانِیْ رُوْحُ جَدِّیْ لِیْ وِصَالَا

فَقَالَ الْجَدُّ لِیْ وَلَدِیْ کَرِیْمٌ
لَکَ الدَّرْجَاتُ عِنْدَ اللّٰہِ تَعَالٰی

فَلَا خَوْفٌ لَکَ لَا حُزْنُ یَوْماً
لَکَ قَصْرٌ مِّنَ الْفِرْدُوْسِ اَعْلٰی

سَمِعْتُ قَوْلَ جَدِّیْ فَرِحَ قَلْبِیْ
وَدَفَعَ اللّٰہُ مِنْ قَلْبِیْ مَلَالَا

شیخ محمد مجذوب کا شعر حالت جذب میں فرمایا:

اَنَــا نُــوْرٌوَّنُـــوْر الـلّـــہِ نُــوْرِیْ

فَلَالِـــیَ الْـــحُـــزْنِ لَا وَقْتِـــیْ زَوَالًا

ان تمام اشعار کو بلا ناغہ اوّل و آخر درود شریف قادریہ یازدہ بار اور ایک بار مندرجہ بالا اشعار مع مجذوب صاحب اسی طریقے سے گیارہ بار ورد کرے ہر امور میں انشاءاللہ فوائد کثیرہ ظاہر ہوں گے حتیٰ تمام دشمن مقہور رہیں گے!

(۹)

قصیدہ شریف

از:- جگر گوشہ رسول رب العلمین حضرت سیّدنا امام زین العابدین رضی اللہ عنہ بموقع کربلا عرض کیا!

اِنْ نِّـلْـتِ یَـا رِیْـحَ الـصَّبَـا یَـوْمً اِلـیٰ اَرْضِ الْـحَـرَمْ

بَـــلِّـــغْ سَلَامِـــیْ رَوْضَةً فِیْهَـــا الـنَّبِـیْ الْـمُـحْتَـرَمْ

مَـنْ وَجْهُـهٗ شَـمْـسُ الـضُّـحـیٰ مَـنْ خَدُّهٗ بَدْرُ الدُّجیٰ

مَـنْ ذَاتُـــهٗ نُـوْرُالْهُـدیٰ مَـنْ كَـفُّـــهٗ بَـحْـرُالْهِمَـمْ

قُـرْاٰنُـــهٗ بُـرْهَـا نُـنَـا نَسْـخـاً لِاَدْیَـانٍ مَضَـتْ

اِذْ جَـاءَ نَـا اَحْـكَـامُـهٗ كُلُّ الصُّحُفْ صَـارَالْعَدَمْ

اَکْبَادُنَا مَجْرُوْحَۃٌ مِنْ سَیْفِ ھِجْرِ الْمُصْطَفٰی
طُوْبٰی لِاَھْلِ بَلْدَۃٍ فِیْھَا النَّبِیُّ الْمُحْتَشَمُ

یَالَیْتَنِیْ کُنْتُ کَمَنْ یَّتْبَعُ نَبِیًّ عَالِمًا
یَوْمًا وَ لَیْلًا دَائِمًا وَارْزُقْ کَذَالِیْ بِاالْکَرَمِ

لِیْ حَسْرَتَا کَذَا لِمَ لَمْ اَصِفِ الْمُصْطَفٰی
فِیْ کُلِّ حِیْنٍ قَدْ مَضٰی فِی الْحَالِ مَا یَحْصِلُ بِھِمْ

لَسْتُ بِرَاجٍ مُفْرَدًا بَلْ اَقْرَبَائِیْ کُلُّھُمْ
فِی الْقَبْرِ اِشْفَعْ یَا شَفِیْعُ بِالصَّادِ وَالنُّوْنِ الْقَلَمْ

یَا مُصْطَفٰی یَا مُجْتَبٰی اِرْحَمْ عَلٰی عِصْیَانِنَا
